F. 6-4 (Edit) /2017 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mnZ Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 16/05/2017

کونسل کی سرگرمیاں کئی جہات کو محیط ہیں: پروفیسر ارتضیٰ کریم

کونسل کے اشاعتی کام کی پیش رفت تشفی بخش: پروفیسر اعجاز علی ارشد

کونسل کے صدر دفتر میں اردو ادب پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی۔ 16 رمئی۔ فی الوقت قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان میں 24 پینل ہیں۔ ان میں بالخصوص اردو ادب پینل کی کارکردگی کا محاسبہ کریں تو اسے اطمینان بخش کہا جا سکتا ہے۔ اگر اشاعتی پہلو سے جائزہ لیں تو مالی سال مارچ 2017 تک کونسل 107 نئی کتابیں مختلف موضوعات پر شائع کر چکی ہے جب کہ دو سو کے لگ بھگ ایسی کتابیں ہیں جن کا دوسرا ایڈیشن بھی منظر عام پر آ چکا ہے۔ اس حوالے سے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ کونسل کی سرگرمیاں کئی جہات کو محیط ہیں۔ یہ باتیں کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے صدر دفتر میں منعقدہ اردو ادب پینل کی میٹنگ میں کہی۔ انھوں نے کہا کہ اس رفتار کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ ساتھ ہی ایسی نادر و نایاب کتابیں جو اردو قارئین سے دور ہوتی جارہی ہیں اسے بھی دوبارہ منظر عام پر لانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ متن سے قاری کا رشتہ تبھی استوار ہوسکتا ہے جب کتابیں موجود ہوں۔ کتابوں کی عدم موجودگی میں یہ ممکن نہیں۔

پینل کی صدارت معروف تنقید نگار مولانا مظہر الحق عربی فارسی یونیورسٹی کے سابق شیخ الجامعہ پروفیسر اعجاز علی ارشد نے کی۔ انھوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت کونسل اس سلسلے میں کئی سطحوں پر کام کر رہی ہے۔ اس کے اشاعتی کام کی پیش رفت تشفی بخش ہے، جس کی تائید، پینل کے تمام ممبران نے بھی کی۔ جس میں قدیم متن کی بازیافت اور غیر شائع شدہ متن کی اشاعت شامل ہے۔ اس موقع پر بہار اردو اکادمی کے سکریٹری جناب مشتاق احمد نوری نے کہا کہ فیصلے تیزی سے اور تشفی بخش لیے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ دوسرے ممبران نے بھی کئی اہم تجاویز پیش کی جن پر سنجیدگی کے ساتھ غور وخوض کیا گیا۔

میٹنگ میں پروفیسر وہاج الدین علوی، پروفیسر رئیس انور، پروفیسر مہ جبیں نجم غزال، پروفیسر شبنم حمید، ڈاکٹر نریش، ڈاکٹر سلیمہ بی کولور، کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، محترمہ شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر، اکیڈمک)، محمد انصر (ریسرچ اسسٹنٹ)، محمد شہاب الدین (ریسرچ اسسٹنٹ) اور ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)